نمبر 52.8

ایگزیکٹیو آرڈر

ویکسین تک رسائی سے متعلق وفاقی اقدامات کے باعث نیو یارک کی ریاست کو آفت زدہ قرار دیئے جانے کے اعلان میں توسیع

جبکہ، وفاقی حکومت نے حال ہی میں ایسی متعدد کارروائیاں کی ہیں جو صحتِ عامہ کے منافی نظر آتی ہیں، جن میں محکمۂ صحت اور انسانی خدمات (Department of Health and Human Services)، خوراک اور ادویات کی انتظامیہ (Food and Drug Administration)، اور مراکز برائے تدارکِ امراض و روک تھام (Centers for Disease Control and Prevention) کے انتظام سے متعلق اقدامات اور صحتِ عامہ کے تحفظ میں ان اداروں کی بنیادی کارروائیاں بھی شامل ہیں، اس کے علاوہ ویکسینز سے متعلق وفاقی قانون کے نفاذ کے حوالے سے اقدامات شامل ہیں؛

جبکہ، وفاقی حکومت کی جانب سے ان اقدامات کے نتیجے میں، نیو یارک کی فارمیسیوں نے COVID-19 ویکسین لگانے پر پابندیاں عائد کی ہیں، جس سے ریاست کی صحتِ عامہ کی معاونت کرنے اور تدارک کے ذریعے تحفظ دینے کی صلاحیت خطرے میں پڑ گئی ہے؛

جبکہ، اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ صحتِ عامہ اور تحفظ کی معاونت کرنے کے حوالے سے ریاست اپنی صلاحیت برقرار رکھ سکے، 5 ستمبر 2025 کو، میں نے ایگزیکٹیو آرڈر 52 جاری کیا تھا جس کے تحت وفاقی حکومت کے ان اقدامات کے نتیجے میں ریاست نیو یارک میں ریاست کی آفت کی ہنگامی صورت حال کا اعلان کیا گیا ہے؛ اور

جبکہ، وفاقی حکومت کی طرف سے ان اقدامات کے نتیجے میں ریاست کی صحتِ عامہ اور تحفظ میں معاونت کی صلاحیت اب بھی مسلسل خطرے سے دوچار ہو رہی ہے؛

لہٰذا اب، میں Kathy Hochul (کیتھی ہوکل)، ریاست نیو یارک کی گورنر، ریاست نیو یارک کے دستور اور ایگزیکٹو قانون کے آرٹیکل B-2 کے تحت خود کو تفویض اختیارات کی رُو سے، ریاست گیر سطح پر آفت کی ہنگامی حالت کو جاری رکھنے کی ضرورت محسوس کرتی ہوں اور ریاست میں آفت کی ہنگامی حالت جیسا کہ ایگزیکٹو حکم نامہ نمبر 52 میں طے کی گئی تھی، اس میں توسیع کرتی ہوں اور اس میں موجود شرائط، ضوابط اور معطلیوں کو 17 مئی، 2026 تک، بشمول اس تاریخ کے برقرار رکھتی ہوں۔

میرے دستخط اور ریاست کی مجاز مہر کے تحت البانی شہر میں، اپریل کے 17ویں دن، سن دو ہزار چھبیس کو جاری کیا گیا۔

منجانب گورنر

سیکریٹری گورنر